Transport for NSW

# روڈ سیفٹی

## بس میں سیٹ بیلٹ کےذریعے حفاظت

اگر بس میں سیٹ بیلٹیں نصب کی گئی ہیں، تو آپ کے بچے کو سیٹ بیلٹ کا لازماً استعمال کرنا چاہیے۔ **یہ قانون ہے۔**

بس میں سیٹ بیلٹ کو درست طریقے سے پہننے کی اہمیت کے بارے میں اپنے بچے سے بات کریں۔

انہیں یاد دلائیں کہ وہ ہر قسم کی گاڑی میں سیٹ بیلٹ کو صحیح طریقے سے پہنیں۔

جبکہ آپ یا کوئی اور بالغ عام طور پر اپنے بچے کو سیٹ بیلٹ باندھنے میں مدد کرتے ہیں، انہیں یاد دلائیں کہ اسکول بس میں ہونے کے دوران شاید یہ ممکن نہ ہو۔ یہ ضروری ہے کہ وہ چیک کریں کہ ان کی سیٹ بیلٹ کو مضبوطی سے ایڈجسٹ کیا گیا ہے۔ بیلٹ کا گود والا حصہ ان کے کولہوں پرسیدھا چپٹا ہونا چاہئے اور اسے مڑا ہوا نہیں ہونا چاہئے۔

### سیٹ بیلٹ کیوں اہم ہے؟

سیٹ بیلٹ پہننے سے آپ کے بچے کو حادثے کی صورت میں محفوظ رہنے میں مدد ملتی ہے۔

حادثے میں، ایک سیٹ بیلٹ:

- جسم کو اس رفتار سے سست کرنے میں مدد دیتی ہے جس رفتار سے گاڑی آہستہ ہوتی ہے
- ٹکر کی قوت کو جسم کے مضبوط حصوں (ناف کے نچلے حصے و رانوں کے درمیان اور چھاتی کی جگہوں) پر پھیلا دیتی ہے
- مسافروں کے ایک دوسرے سے یا گاڑی کے اندر سے ٹکرانے کے خطرے کو کم کردیتی ہے
- ڈرائیور یا مسافروں کے گاڑی سے باہر پھینکے جانے کے خطرے کو کم کردیتی ہے۔



سیٹ بیلٹ پہننے سے حادثے سے بچنے کا امکان دوگنا ہو جاتا ہے اور چوٹ لگنے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔

اپنے خاندان کی حفاظت کے لیے، ہمیشہ یہ یقینی بنائیں کہ ان سب نے صحیح طریقے سے سیٹ بیلٹ باندھی ہوئی ہے۔

سڑک کے ماحول سے متعلق بچوں کو محفوظ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **safetytown.com.au** پر فیملیز سیکشن دیکھیں

**اپنے بچے کے ساتھ شئیر کرنے کے لیے اہم روڈ سیفٹی پیغامات**

- کلک ، کلیک، فرنٹ اور بیک
- ہمیشہ محفوظ طریقے سے سیٹ بیلٹ باندھیں




اسٹاک کوڈ 45095380 جون 2024 © ٹرانسپورٹ برائے NSW

NSW کی سڑکوں پر بہت زیادہ جانیں ضائع ہوتی ہیں۔
**ہمارا مقصد انہیں صفر بنانا ہے۔**

TOWARDS ZERO

NSW GOVERNMENT